پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کینیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۱۴ ربیع الاول ۱۴۰۶ھ
۲۵ نومبر ۱۹۸۵ء

جلد نمبر ۱
شمارہ نمبر ۱۷

مارشل لاء کے خاتمہ پر امن و امان کا مسئلہ پیدا نہیں ہونے دیا جائے گا، صدر ضیاء

سندھ کے بارے میں لوگ پریشان نہ ہوں۔ یکم جنوری ۸۶ء کو مارشل لاء نہیں ہوگا۔ مارشل لاء ختم ہونے کے بعد بھی مارشل لاء کے تحت دی گئی سزائیں برقرار رہیں گی

کھوکھراپار کا راستہ کھولنے کا فی الحال کوئی ارادہ نہیں

ڈھوک کچہ جیسے واقعات سے دہشت گردی سے کوئی تعلق نہیں

راجیو نے مجھے دورہ بھارت کی دعوت دی ہے، صدر ضیاء

صدر ضیاء ۱۶ دسمبر کو بھارت آئیں گے، بھارتی ترجمان

پاکستان میں سیاسی قیدیوں کے بارے میں ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ

صدر ضیاء الحق سے بات چیت کی ہے

سیاست کو خوب علاج کرنے کے ... ملاقات نہیں ہوئی۔ اب ملاقات ہوگی ... میاں طفیل محمد کا بیان

اقبال کے خوابوں کی سرزمین پر انسان بنیادی حقوق سے محروم ہیں، نصر اللہ

۱۹۸۵ء کا آئین ملک کو متحد نہیں رکھ سکتا۔ ملک دشمنوں کو کھلی چھٹی ملی ہوئی ہے

میں سب سے بڑا سیاستدان ہوں، صدر ضیاء

کشمیر میں پاکستان اور بھارت کی فوجوں میں فائرنگ

یکم جنوری کے بعد بھی کسی واضح تبدیلی کی امید نہیں، اصغر خان

بھارتی ممتاز مسلم شخصیتوں کو خفیہ تنظیم کی جانب سے قتل کی دھمکی

فہرست میں اجیو گاندھی اور دیگر غیر مسلم لیڈروں کے نام بھی ہیں، بھارتی جریدے کی رپورٹ

آئندہ سال ۶۵ ہزار پاکستانی حج پر بھیجے جائیں گے، وزیر اعظم جونیجو



نوابزادہ نصر اللہ خان پچھلے ہفتہ کو لاہور میں یوم اقبال کی ایک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایم آر ڈی کے لیڈر 5 سال تک انتظار کریں

ہمارے دروازے بند نہیں ہوتے: ان باشندوں سے رابطہ قائم ہے

افغان مہاجرین کے بھیس میں کابل حکومت کے بعض ایجنٹ بھی ہو سکتے ہیں

[illegible]

[illegible]

کراچی میں ڈاکوؤں سے جھڑپ سندھ کی تاریخ کی سب سے طویل جھڑپ تھی

ڈاکوؤں کے مقابلے میں زخمی ہونے والے پولیس افسروں کی حالت خطرے سے باہر ہو گئی

[illegible]

ایک دھماکہ ہوا جیسے بم پھٹا ہو

میرا اسکرین سے ٹکرایا

ٹکر جان بوجھ کر ماری گئی

ولی خان اپنے حادثے کے بارے میں بتاتے ہیں!

[illegible]



[illegible]

پی آئی اے کے ٹیرز بوائز اسٹیکر میں فروخت ہو گئے

[illegible]

ڈاکو امان اللہ مبارکی کا ساتھی ڈالبٹ گرفتار کر لیا گیا

ناظم آباد میں فلیٹ میں چھاپہ، ملزم طارق حسین کے قبضے سے خود کار رائفلیں اور مسروقہ کار برآمد

کراچی — [illegible]

[illegible]

سیاسی جماعتوں کا باہمی جمہوریت کتنی

سے کے مترادف ہے — سیف اللہ

[illegible]

ہوائی جہاز میں جیب تراشی

[illegible]

جی ایم سید پر دل کا شدید دورہ

[illegible]

عالم چنا تو بہت گلا گیا

[illegible]

قابل اعتماد

ادارہ

سستے ترین ٹکٹ

ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت

دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔

IATA

WORLD WIDE

پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ

Cumberland Travels Ltd

50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

Complete Collision Service

- WE DO INSURANCE CLAIMS
- SPECIAL ON COMPLETE PAINT 399.00
- FREE PIN STRIPING ETC.

CALL
MOHAMMAD MUNIR
759-5810
(Res: 266-6428)

M & D
AUTO BODY REPAIR
260 MIDWEST RD., UNIT 5
SCARBOROUGH, ONT. M1P 3B4

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ط

سن رکھو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا نہ غم ہوگا (القرآن)

پندرہ روزہ — ٹورانٹو

السلام

اللہ کا وعدہ

اللہ نے وعدہ فرمایا ہے تم میں سے ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائیں اور نیک عمل کریں کہ وہ ان کو اسی طرح زمین میں خلیفہ بنائے گا جس طرح ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو بنا چکا ہے۔

(النور ۵۵)

سلام میں پہل کرو

حضرت ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: لوگوں میں اللہ کے قرب اور اس کی رحمت کا زیادہ مستحق وہ بندہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔

(مسند احمد، جامع ترمذی، سنن ابی داؤد)

فرمان رسولؐ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو چیز تم کھاتے ہو۔ ان میں سب سے پاکیزہ وہ ہے جو تم اپنے ہاتھوں سے کما کر کھاؤ اور تمہاری اولاد بھی کمائی کا حصہ ہے۔

(ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، مشکوٰۃ)

پانچ چیزیں اللہ جس کو دیتا ہے اس کو پانچ اور بھی دیتا ہے۔

(۱) جو دعا کرنے کا عادی ہو تب خدا اس کو قبولیت بخشتا ہے۔

(۲) جس کو شکر کرنے کی توفیق ملتی ہے اس کو برکت بھی ملتی ہے۔

(۳) جو استغفار کرتا ہے خدا اسے بخشتا ہے۔

(۴) جو توبہ کرتا ہے خدا اسے قبول کرتا ہے۔

(۵) جو صدقہ کرتا ہے خدا اسے طرف قبولیت سے نوازتا ہے۔ (امام جعفر صادقؒ سے)

ارشاد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ جس شخص کو کسی بیماری نے یا کسی حاجتِ ضرورت نے یا کسی ظالم و جابر حکمران نے زندہ رکھا ہو اور پھر بھی وہ نکہ کہہ تو جواب دے دیں یہی جو چاہے تقدیر الٰہی!

بقا سلطنت کی بنیاد

سلطان سنجر نے پوچھا کہ بقائے سلطنت کے لیے کون سی چیزیں ضروری ہیں۔

(۱) خاندانی سے مشورہ

(۲) علماء سے صحبت

(۳) تنقید کرنے والوں سے محبت (۴) اللہ کا خوف

(۵) سہل نگاری، جلد بازی اور ناانصافی سے اجتناب۔

دل زندہ

خواجہ میر سید قطب شاہ کہتے ہیں دل زندہ وہ ہے جو اپنے محسنین اور حلقہ کو خوش اور افراد کو متأثر کرے یہی زندہ دل وہ جو مردہ ہو اور دوسروں کو زندہ کر سکے۔ حضرت خواجہ کی نسبت میں برکت جو کسی ایسی شراب پلایا ہو چکا ہے وہ زندہ سے ہوتا ہے۔ (خواجہ الحسن بن فضل نظام)

ذوالنون مصری کی مناجات

اے اللہ! حیوانات کی آوازوں میں
درختوں کے پتوں کی سرسراہٹ میں
دریاؤں کے شور میں
پانی کے بہاؤ میں
پرندوں کے نغموں میں
شفق کی سرخی میں
طلوع آفتاب کی روشنی میں
ہواؤں کی سنسناہٹ میں
اور بجلی کی کڑک میں
غرض کہ ہر شے میں تیری توحید کی شہادت اور تیری یکتائی کی دلیل بچشم خود ملاحظہ کرتا ہوں۔ نیز یقین رکھتا ہوں کہ تو۔

بے مثال ہے، بے نظیر ہے
بے مثل ہے، ہر جا حاضر و ناظر ہے۔
عالم و عادل اور حاکم مطلق ہے۔
تیری ذات ہر قسم کے عیب و نقائص سے پاک ہے۔
تو جہالت، حماقت، نادانی، ظلم اور کذب سے منزہ ہے۔
میں تمام مصنوعات میں تیری صنعت اور قدرت کا مشاہدہ کرتا ہوں۔ مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری رضا طلب کروں اور میری رضا اسی طلب میں ہو۔ آمین۔
(بحوالہ: زندگی بندگی شرمندگی، از انیتہ الاسلام)



روضۂ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے مواجہ شریفہ کی جالیوں پر کندہ

نعتیہ اشعار

یَا خَیْرَ مَنْ دُفِنَتْ فِی التُّرْبِ اَعْظُمُہٗ
فَطَابَ مِنْ طِیْبِھِنَّ الْقَاعُ وَالْاَکَمُ
نَفْسِی الْفِدَاءُ لِقَبْرٍ اَنْتَ سَاکِنُہٗ
فِیْہِ الْعَفَافُ وَفِیْہِ الْجُوْدُ وَالْکَرَمُ

— ترجمہ —

اے بہتر ان سب سے جن کے اجسادِ شریفہ خاک میں مدفون ہوئے ہیں
اور ان کی خوشبو سے جنگل اور پہاڑ مہک گئے ہیں
میری جان اس پاک قبر پر فدا جس میں آپ سکونت فرما ہیں
اس قبر شریف میں پرہیزگاری ہے اور اسی میں جود اور کرم ہے

دیارِ حبیبؐ میں

اس سال سفر و سیاحت جنوری میں مجھے اپنی اہلیہ اور دونوں بچوں کے ساتھ مدینۂ منورہ میں حاضری دینے اور روضۂ مبارک کی زیارت کرنے کا شرف نصیب ہوا۔ باب جبرئیل سے مسجد نبوی میں داخل ہونے سے پیشتر میں لمحہ بھر کے لیے ٹھہر گیا اور اپنے سات سالہ بیٹے امین اور دس سالہ علی کو اس دروازے کے بارے میں بتایا کہ یہ وہ مقام ہے جہاں سے اندر داخل ہونے کے لیے جبرائیل علیہ السلام جیسے جلیل القدر فرشتے بھی رک جاتے اور اجازت لینے کے بعد حضور اقدسؐ میں حاضری دیتے۔ بچے یہ سن کر بڑے متاثر ہوئے۔ پھر ہم تینوں درود پڑھتے ہوئے دلوں کے ساتھ مسجد نبوی میں داخل ہو گئے۔

اندر ہر طرف نمازیوں اور عبادت گزاروں کا ہجوم تھا۔ ریاض الجنۃ سے کچھ پیچھے تھوڑی سی جگہ ملی تو ہم تینوں نے خشوع و خضوع کے ساتھ تحیۃ المسجد کی دو رکعت نماز ادا کی۔ اب سلام پیش کرنے کی باری تھی۔ مکۂ مکرمہ سے حضورؐ کے پسندیدہ عطر کی ایک شیشی لی تھی۔ اسے کھولا اور ایک بار پھر اپنے کپڑوں پر خوشبو لگا لی۔ کئی شیدائیوں نے عطر کی خوشبو پا کر اپنے ہاتھ آگے بڑھائے۔ سب کو عطر پیش کیا۔ پھر ادب و احترام کے ساتھ اشکبار آنکھیں لیے قبر مبارک کی طرف بڑھے۔ روضۂ مبارک کی جالی کو دیکھ کر قدم رک گئے۔ سلام پیش کیا۔ بچوں کو حضور رسالت مآبؐ پیش کرتے ہوئے ان سے سلام و درود کہلوایا۔ دعائیں مانگیں۔ اللہ کا شکر ادا کیا جس نے ہمیں اس عظیم ہستیؐ کا امتی بنایا جنہوں نے دنیا کو ظلمت سے روشنی کی طرف نکالا۔

مسجد نبوی میں ہم نے نماز باجماعت کی سعادت حاصل کی۔ پھر وہاں سے باہر جانے کو جی نہ چاہا تو بچوں کے ساتھ ایک ستون کے قریب بیٹھ گیا۔ اس نورانی، متحرک ماحول میں بچوں کا تجسس جاگ اٹھا تھا۔ وہ سوال پر سوال کیے جا رہے تھے — دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی گزرے ہیں۔ مگر تاریخ میں یہ سب یقین کے ساتھ درج نہیں ہے کہ وہ کہاں اور کن حالات میں پیدا ہوئے، کونسی زبان بولتے تھے اور کہاں دفن ہیں۔ مگر اللہ کے آخری نبیؐ کی بات ہی کچھ اور ہے۔ نہ صرف قبر مبارک موجود ہے بلکہ تاریخ انسانی کے آپؐ عظیم کی زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالنے کے لیے ان کا ہر قول و عمل تحقیق اور باریک بینی کے ساتھ محفوظ ہے۔ وہ شہر اور قریے بھی ابھی موجود ہیں جہاں اس محسن انسانیتؐ نے زندگی کے شب و روز گزارے۔ چنانچہ بچوں کے سوالات کا جواب دینا اور سمجھانا ان کے لیے کچھ اتنا مشکل نہیں تھا۔

انسانِ کامل کو آئیڈیل شخصیت کے طور پر پیش کرنا کتنا آسان تھا۔ وہ اللہ کے نبی اور پیغمبر تھے۔ امین تھے۔ بہترین شوہر اور بہترین دوست تھے۔ بہترین باپ تھے۔ بہترین ہمسایہ تھے۔ مکارم اخلاق کا نمونہ تھے۔ اللہ کے سپاہی اور بہترین سپہ سالار تھے۔ کاروبار میں اعلیٰ اور بہترین منتظم تھے۔ یتیموں، مسکینوں اور غلاموں کے بہترین داعی تھے۔ پرانے عہد نامہ انجیل کا مطالعہ دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ بہترین شاعر بن پیدا ہوئے تھے۔ بہترین سفارتکار اور ریفارمر تھے۔ عورتوں کو سوسائٹی کے ظلم و ستم سے نجات دلانے کا احسان آپؐ کا ہے۔ وہ قانون دان اور عادل تھے۔ وہ ایسے بادشاہوں کے بادشاہ تھے جن کے بارے میں حضرت عائشہؓ نے اس طرح کہا ہے کہ "ایک چاند کے بعد دوسرا چاند اور دوسرے کے بعد تیسرا چاند نکل آتا تھا مگر آپؐ کے گھر میں نہ آگ جلتی تھی اور نہ چولہے پر دیگچی چڑھانے کی نوبت آتی تھی۔"

سرور دو عالمؐ کی سنہری باتیں کرتے کرتے سفر سے تھکے ماندے بچے میری گود میں سر رکھ کر سو گئے۔ ان کے اپنے معصوم خواب ہوں گے۔ میں جاگتے ہوئے اپنے خواب دیکھنے لگا۔ گنبد خضرا، روضۂ مبارک اور ریاض الجنۃ پر نور کی بارش ہوتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔ مگر لاشعور کہیں اور تھا — اسلام اور دولت پر کتنے جید عالموں اور اماموں نے درود و سلام بھیجے ہوں گے۔ حضرت جعفر صادقؒ، مالک بن انسؒ، ابو حنیفہؒ، امام شافعیؒ، احمد بن حنبلؒ، اوزاعیؒ، بخاریؒ، مسلمؒ، ابن الہمامؒ، شاہ ولی اللہ دہلویؒ کیسے کیسے ہی تھے جو دعوت و ہدایت اور زہد و تقویٰ میں یکتا تھے۔ جیسے حسن بصریؒ، رابعہ بصریؒ، سفیان ثوریؒ، عبدالقادر جیلانیؒ، غزالیؒ، نظام الدین اولیاءؒ اور علی ہجویری گنج بخشؒ۔ پھر اپنے جذبات تشکر اور عقیدت پیش کرنے والوں کا وہ گروہ تھا جو علم و فنون کے موجد اور مرتب تھے۔ الادولی، خلیل بن احمد، سیبویہ، کسائی، ابو علی الفارسی، ابو علی سینا، جابر بن حیان اور زہراوی۔

پھر نگاہوں نے دنیا کے بڑے بڑے سلاطین اور فرمانرواؤں کو دیکھا جو اس مقام کے سامنے ادب و احترام کے ساتھ جھکے پڑے تھے۔ ان میں ایک شخص وہ تھا جس نے بادل کے ایک ٹکڑے کو دیکھ کر یہ تاریخی جملہ کہا تھا "تو جہاں چاہے جا کے برس۔ تیرا خراج آخرکار میرے ہی خزانے میں آئے گا۔"

یہ ہارون رشید تھا۔ اس گروہ میں صلاح الدین ایوبی، محمود غزنوی، ظاہر بیبرس، سلیمان القانونی اور اورنگزیب شامل تھے۔ ان میں وہ فرمانروا بھی تھے جن کی ہیبت سے سارا یورپ لرزہ براندام تھا۔ جن کے زمانے میں مسلمانوں کی عزت کا یہ عالم تھا کہ جب وہ یورپ کے ملکوں میں جاتے تھے تو ان کے دین کے احترام میں گرجوں کے گھنٹے بجنا بند ہو جاتے تھے۔

پھر وہ خاموش اور باادب جیسے نظر آئے جنہوں نے سلاطین اور فرمانرواؤں کی کبھی پرواہ نہیں کی تھی۔ یہ تھے انقلابی — سید جمال الدین افغانی، مولانا محمد علی، امام حسن البنا، مشہور ترک شاعر محمد عاکف، شریعتی اور ڈاکٹر محمد اقبال لاہوری — وہ سب اپنے لیڈروں اور حاکموں سے بری طرح بیزار تھے جنہوں نے اپنا رخ اسلام کے قبلہ

سے پھیر کر مغرب کی طرف کر لیا۔

میں اسی نور کے سمندر میں کھویا ہوا تھا کہ اچانک مسجد نبوی کے خوش الحان مؤذن کی دل نواز اذان نے نماز کی خوشخبری سنائی۔ نماز باجماعت کے بعد اپنے بچوں کے ساتھ شاداں اور فرحاں دربار رسالتؐ سے سلام و درود بھیجتے ہوئے رخصت ہوا۔ دل و دماغ پر دوا نہ راز حکیم الامت کا یہ شعر طاری تھا ؎

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

لطف الٰہی

وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ

اور بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہیں
(القلم : ۴)

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ

(المتوفی ۵۸ھ)

متی یبد فی الداجی البهیم جبینه
یلح مثل مصباح الدجی المتوقد
فمن کان او من قد یکون کاحمد
نظام لحق او نکال لملحد

۱۔ اندھیری رات میں آپ کی پیشانی نظر آتی ہے تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے روشن چراغ۔
۲۔ احمد مجتبیٰ کے جیسا کون تھا اور کون ہوگا حق کا نظام قائم کرنے والا اور ملحدوں کو سزا (عبرت) دینے والا۔

حضرت فاطمۃ الزہراؓ

(المتوفی ۱۱ھ)

۱ ماذا علی من شم تربة احمد ان لا یشم مدی الزمان غوالیا
۲ صبت علی مصائب لو انها صبت علی الایام صرن لیالیا

۱۔ جس نے ایک مرتبہ بھی خاکِ پائے احمد مجتبیٰ سونگھ لی تعجب کیا ہے اگر وہ ساری عمر کوئی اور خوشبو نہ سونگھے۔
۲۔ حضور کی جدائی میں وہ مصیبتیں مجھ پر نازل ہوئیں کہ اگر وہ مصیبتیں دنوں پر نازل ہوتیں تو دن تاریک راتوں میں تبدیل ہو جاتے۔

○

۱ اغبر آفاق السماء وکورت شمس النهار واظلم الازمان
۲ والارض من بعد النبی کئیبة اسفا علیه کثیرة الاحزان
۳ فلیبکه شرق البلاد وغربها یا فخر من طلعت له النیران
۴ یا خاتم الرسل المبارک ضوءه صلی علیک منزل القرآن

۱۔ آسمان کی چادر غبار آلود ہو گئی اور سورج لپیٹ دیا گیا اور زمانہ تاریک ہو گیا۔ [illegible]
۲۔ اور زمین نبی کریم کے بعد غمگین ہے اور آپ کے غم میں ڈوبی ہوئی ہے۔ [illegible]
۳۔ [illegible] مشرق بھی اور مغرب بھی ان کی جدائی پر [illegible]
۴۔ اے خاتم رسول! آپ بابرکت و سعادت کی [illegible] آپ پر تو قرآن نازل کرنے والے نے بھی درود و سلام بھیجا ہے۔

○

امام زین العابدینؓ علی السجاد بن الحسینؓ

(المتوفی ۹۴ھ)

۱ ان نلت یا ریح الصبا یوما الی ارض الحرم بلغ سلامی روضة فیها النبی المحترم
۲ من وجهه شمس الضحی من خده بدر الدجی من ذاته نور الهدی من کفه بحر الهمم
۳ قرآنه برهاننا نسخا لادیان مضت اذ جاءنا احکامه کل الصحف صار العدم
۴ اکبادنا مجروحة من سیف هجر المصطفی طوبی لاهل بلدة فیها النبی المحتشم
۵ یا لیتنی کنت کمن یتبع نبیا عالما یوما ولیلا دائما وارزق کفی الی بالکرم
۶ یا رحمة للعالمین انت شفیع المذنبین اکرم لنا یوم الحزین فضلا وجودا والکرم
۷ یا رحمة للعالمین ادرک لزین العابدین محبوس ایدی الظالمین فی موکب المزدحم

۱۔ اے باد صبا! اگر تیرا گزر حرم پاک پر ہو تو میرا سلام اس روضہ کو پہنچا جس میں نبی محترم تشریف فرما ہیں۔ [illegible]
۲۔ [illegible]
۳۔ [illegible]
۴۔ [illegible]
۵۔ [illegible]
۶۔ اے رحمت عالم! آپ گناہگاروں کے شفیع ہیں ہمیں قیامت کے دن فضل و سخاوت اور کرم سے عزت بخشئے۔
۷۔ اے رحمت عالم! زین العابدین کو سنبھالئے وہ ظالموں کے ہاتھوں میں گرفتار حیرانی و پریشانی میں ہے۔

○

انوری

(المتوفی ۵۸۷ھ / ۱۱۹۱ء)

انوری چون خدا سے راہ نمود
مصطفیٰ را بخود بر آ سینا

رو قدرش بدولت قرآن
پاسے بر فرق گنبد مینا

زیر عرشش بعرش سایہ فگند
چون تجلی بسینۂ سینا

حکمِ روح و قدس شد ملزوم
سینہ دل نگاہ بر علی سینا

سخن از شرع دین احمد گو
سید ولاء الہبا و بیہ و بینا

چشم در شرع مصطفیٰ بگشای
گر نہ ای تو بعقل نابینا

شیخ سعدی شیرازی

(۶۰۶ھ–۶۹۱ھ / ۱۲۰۹ء–۱۲۹۱ء)

ماہ فرو ماند از جمال محمد
سرو نباشد باعتدال محمد
قدر فلک را کمال و منزلتی نیست
در نظر قدر با کمال محمد
وعدۂ دیدار ہر کسی بقیامت
لیلۂ اسریٰ شب وصال محمد
آدم و نوح و خلیل و موسیٰ و عیسیٰ
آمدہ مجموع در ظلال محمد
عرصۂ گیتی مجال ہمت او نیست
روز قیامت نگر جلال محمد
وآنہمہ پیرایہ بستہ جنت فردوس
بو کہ قبولش کند بلال محمد
شمس و قمر در زمین حشر نتابد
نور نتابد مگر جمال محمد
شاید اگر آفتاب و ماہ نتابد
پیش دو ابروی چون ہلال محمد
چشم مرا تا بخواب دید جمالش
خواب نمی گیرد از خیال محمد
سعدی اگر عاشقی کنی و جوانی
عشق محمد بس است و آل محمد

میرزا جلال اسیر

(المتوفی ۱۰۴۹ھ / ۱۶۳۹ء)

جوش بہار رحمت نعت شاہ جہان
سینہ گلستان وحدت چاک گریبان او
در چمن امتحان چون گل آتش گرفت
پنجۂ خورشید را حسرت دامان او
گردِ وجود و عدم رفت بہ نیا و فنا
نقش دو عالم نشست بر سر جولان او
در سفر جستجو تو شۂ حسرت کم است
دل بہ چمن می چمند گل بہ بیابان او
یک بیابان خون عشق ساغر ما داشت ما
آب مژگان تو لیست در خیابان او
دوری و نزدیکیم ہم چشم خیال
شکوہ ندارد کسی تو در شب ہجران او

میرِ حجازؐ

مولانا ظفر علی خان

واعظ کمی سخن بسرا تا فسانہ گوئی
کاین باسخن نہ مشتری و ماں کار است

[illegible]

رحمت خداوندی کا ظہور

[illegible]

حریت اور آزادی کا دور

[illegible]

الذی ... الشمس والذی القمر
کما ... وغمن هے ... والکتاب
والذی ... ابصروا
فحظل ... شیاطین

[illegible]

عید میلاد النبیؐ

[illegible]

مولانا نور الدین عبد الرحمٰن جامیؒ

(۸۱۷ھ / ۱۴۱۴ء — ۸۹۸ھ / ۱۴۹۲ء)

اے خاک رہ تو عرش را تاج
یک پایہ ز قدر تست معراج
تو دُرّ یتیمی و ترا جنس سامی
بر ترز بحر چو قرۃ التاج
فقر از بقیمت و تا جہا مانیم
آوردہ بیمنتش بہ درہت تاج
در تیرہ شبِ جہل و ضلالت
نور تو شدہ سراج و ہاج
تا بست قدم زدہ بہ دیشش
چون سنگ برین خط زمرد ماج
مشتاق تو ماند تا صفیان
در زیر قدم عرش دیباج
جامی کہ ز دست بار عصیان
شد خستہ من عاشق بتاج

ادب و ثقافت

مولانا حالی

المتوفی : ۱۹۱۴ء

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا — مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا — وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا

فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

خطا کار سے درگزر کرنے والا — بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مفاسد کا زیر و زبر کرنے والا — قبائل کو شیر و شکر کرنے والا

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

مس خام کو جس نے کندن بنایا — کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا — پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا

رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا
ادھر سے ادھر پھر گیا رخ ہوا کا

مولانا احمد رضا خان بریلوی

المتوفی : ۱۹۲۱ء

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام — شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام
مہر چرخ نبوت پہ روشن درود — گل باغ رسالت پہ لاکھوں سلام
شہر یار ارم تاجدار حرم — نو بہار شفاعت پہ لاکھوں سلام
شب اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود — نوشۂ بزم جنت پہ لاکھوں سلام
عرش کی زیب و زینت پہ عرشی درود — فرش کی طیب و نزہت پہ لاکھوں سلام
نور عین لطافت پہ الطف درود — زیب و زین نظافت پہ لاکھوں سلام
سرو ناز قدم مغز راز حکم — یکہ تاز فضیلت پہ لاکھوں سلام
نقطۂ سر وحدت پہ یکتا درود — مرکز دور کثرت پہ لاکھوں سلام
صاحب رجعت شمس و شق القمر — نائب دست قدرت پہ لاکھوں سلام
جس کے زیر لوا آدم و من سوا — اس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام
عرش تا فرش ہے جس کے زیر نگیں — اس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضاؔ
مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

علامہ اقبال

المتوفی : ۱۹۳۸ء

شب ہو نظری کی زندگی دشت میں صبح کا سماں — چشمۂ آفتاب سے نور کی ندیاں رواں
حسن ازل کی ہے نمود چاک ہے پردۂ وجود — دل کے لیے ہزار سود ایک نگاہ کا زیاں
سرخ و کبود بدلیاں چھوڑ گیا سحاب شب — کوہ اضم کو دے گیا رنگ برنگ طیلساں
گرد سے پاک ہے ہوا برگ نخیل دھل گئے — ریگ نواح کاظمہ نرم ہے مثل پرنیاں
آگ بجھی ہوئی ادھر ٹوٹی ہوئی طناب ادھر — کیا خبر اس مقام سے گزرے ہیں کتنے کارواں

آئی صدائے جبرئیل تیرا مقام ہے یہی
اہل فراق کے لیے عیش دوام ہے یہی

کس سے کہوں کہ زہر ہے میرے لیے مئے حیات — کہنہ ہے بزم کائنات تازہ ہیں میرے واردات
کیا نہیں اور غزنوی کارگہ حیات میں — بیٹھے ہیں کب سے منتظر اہل حرم کے سومنات
ذکر عرب کے سوز میں فکر عجم کے ساز میں — نے عربی مشاہدات نے عجمی تخیلات
قافلۂ حجاز میں ایک حسین بھی نہیں — گرچہ ہے تابدار ابھی گیسوئے دجلہ و فرات
عقل و دل و نگاہ کا مرشد اولیں ہے عشق — عشق نہ ہو تو شرع و دیں بتکدۂ تصورات

صدق خلیل بھی ہے عشق صبر حسین بھی ہے عشق
معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق

(۲)

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں وہی فرقاں وہی یٰسیں وہی طٰہٰ

(۳)

شیرازہ ہوا ملت مرحوم کا ابتر
اب تو ہی بتا تیرا مسلمان کدھر جائے
وہ لذت آشوب نہیں بحر عرب میں
پوشیدہ جو ہے مجھ میں وہ طوفان کدھر جائے
ہر چند ہے بے قافلہ و راحلہ و زاد
اس کوہ و بیاباں سے حدی خوان کدھر جائے
اس راز کو اب فاش کر اے روح محمدؐ
آیات الٰہی کا نگہبان کدھر جائے

حسرت موہانی

المتوفی : ۱۹۵۱ء

مظہر شان کبریا صلی علیٰ محمدؐ
آئینۂ خدا نما صلی علیٰ محمدؐ
موجب ناز عارفاں باعث فخر صادقاں
سرور و خیر انبیا صلی علیٰ محمدؐ
مرکز عشق دل کشا مقصد حسن جاں فزا
صورت و سیرت خدا صلی علیٰ محمدؐ
حسرتؔ اگر رکھے ہے تو بخشش حق کی آرزو
ورد زباں ہے صدا صلی علیٰ محمدؐ

مولانا ظفر علی خاں

المتوفی : ۱۹۵۶ء

وہ شمع اجالا جس نے کیا چالیس برس تک غاروں میں
اک روز جھلکنے والی تھی سب دنیا کے درباروں میں

گر ارض و سما کی محفل میں لولاک لما کا شور نہ ہو
یہ رنگ نہ ہو گلزاروں میں یہ نور نہ ہو سیاروں میں

جو فلسفیوں سے کھل نہ سکا جو نکتہ وروں سے حل نہ ہوا
وہ راز اک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں

وہ جنس نہیں ایمان جسے لے آئیں دکان فلسفہ سے
ڈھونڈے سے ملے گی عاقل کو یہ قرآں کے سیپاروں میں

ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی بوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ
ہم مرتبہ ہیں یاران نبی کچھ فرق نہیں ان چاروں میں

حفیظ جالندھری

المتوفی : ۱۹۸۲ء

سلام اے آمنہ کے لال اے محبوب سبحانی
سلام اے فخر موجودات فخر نوع انسانی
سلام اے ظل رحمانی سلام اے نور یزدانی
ترا نقش قدم ہے زندگی کی لوح پیشانی

مولانا حامد حسن قادری (بچھرایونی)

المتوفی : ۱۹۶۴ء

ھو افصح بمقالہ — ھو اکمل بخصالہ
ھو اعظم بجلالہ — ھو افضل بمثالہ

بلغ العلیٰ بکمالہ
کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ
صلوا علیہ و آلہ

ھو حامد و محمد — ھو ماجد و ممجد
ھو امجد ھو احمد — ھو مرشد ھو راشد

بلغ العلیٰ بکمالہ

وہ بشیر بھی وہ نذیر بھی — وہی آپ اپنی نظیر بھی
وہ زمیں پہ شاہ و امیر بھی — وہ فلک پہ عرش سریر بھی

بلغ العلیٰ بکمالہ

وہ یتیم بھی وہ عظیم بھی — وہ نبیٔ وہ کریم بھی
وہ رؤف بھی وہ رحیم بھی — وہ خلیل بھی وہ کلیم بھی

بلغ العلیٰ بکمالہ

مجید امجد

شہر مکہ بتوں کی بستی تھی — چار سو تیرگی برستی تھی
وہ وہ اک نور کی کرن پھوٹی — بزم آفاق جگمگا اٹھی
دیکھنا اک یتیم بے ساماں — اجنبی بزم حق تھی وابستہ
جس نے یوں سال دین کھنکتے ہیں — جھوک میں اپنے دن گزارے ہیں
پیرہن تن پہ تار تار اس کا — کوئی محرم نہ دوستدار اس کا
تپتی ریتوں پہ گو خواب کبھی — تیز کانٹوں سے زخم یاب کبھی
چلتی تیغوں کے درمیاں کبھی — ٹکڑوں سے لہو لہان کبھی
ذرہ ذرہ عدو ہے جاں اس کا — تشنہ خوں ہے اک جہاں جس کا
ہاں گلوں پہ سباہی کے جلتے ہیں — دل کے مرجھائے پھول کھلتے ہیں
جب وہ پیغام حق سناتا ہے — وجد میں وہ جہاں کو لاتا ہے
جب وہ اونچی صدا سے کہتا ہے — بار بار آواز سے کہتا ہے
گمرہو! تم یہ کیا سمجھتے ہو — پتھروں کو خدا سمجھتے ہو
دل دہلتے ہیں قہرمانوں کے — دیئے بجھتے ہیں کفر خانوں کے
بات یہ کیا زباں سے نکلی — لاکھ تلوار میاں سے نکلی

ظالموں کی اذیتیں اک سمت
اور خدا کی مشیتیں اک سمت

○

ماہر القادری

المتوفی : ۱۹۷۸ء

سلام اس پر کہ جس نے بیکسوں کی دستگیری کی
سلام اس پر کہ جس نے بادشاہی میں فقیری کی
سلام اس پر کہ اسرار محبت جس نے سمجھائے
سلام اس پر کہ جس نے زخم کھا کر پھول برسائے
سلام اس پر کہ جس نے خوں کے پیاسوں کو قبائیں دیں
سلام اس پر کہ جس نے گالیاں سن کر دعائیں دیں
سلام اس پر کہ دشمن کو حیات جاوداں دے دی
سلام اس پر ابو سفیانؓ کو جس نے اماں دے دی
سلام اس پر کہ جس کا ذکر ہے سارے صحائف میں
سلام اس پر ہوا مجروح جو بازار طائف میں
سلام اس پر وطن کے لوگ جس کو تنگ کرتے تھے
سلام اس پر کہ گھر والے بھی جس سے جنگ کرتے تھے
سلام اس پر کہ جس کے گھر میں چاندی تھی نہ سونا تھا
سلام اس پر کہ ٹوٹا بوریا جس کا بچھونا تھا
سلام اس پر جو سچائی کی خاطر دکھ اٹھاتا تھا
سلام اس پر جو بھوکا رہ کے اوروں کو کھلاتا تھا

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں سے دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لئے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے۔

ADVERTISEMENT No.....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

★★★

اشتہار نمبر (۳۶): ٹورانٹو میں سکونت رکھنے والی، طلاق یافتہ، برسر روزگار خاتون کے لیے، مذہب شیعہ سے تعلق رکھنے والے، نیک اور شریف النفس شخص کا رشتہ مطلوب ہے۔ عمر ۳۵ تا ۴۵ سال کے درمیان ہو۔

★

اشتہار نمبر (۳۷): امریکی امیگرنٹ نوجوان کے لیے کینیڈین امیگرنٹ مسلمان لڑکی عمر اندرون ۲۵ سال کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکا اکاؤنٹنگ کا کام کرتا اور خوش اطوار و خوش شکل ہے۔

★

اشتہار نمبر (۳۸): ہندوستان میں اپنا ادارہ کے ساتھ رہائش پذیر ایک شریف گھرانے کی یتیم لڑکی کے لیے، جس کی عمر ۲۲ سال ہے، نیک مسلمان اور شادی میں سنجیدگی سے دلچسپی رکھنے والے لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔

★

اشتہار نمبر (۳۹): سعودی عرب میں معقول ملازمت پر فائز، شریف ہندوستانی گھرانے کے ۲۶ سالہ دراز قد اور وجیہہ لڑکے کے لیے مناسب العمر لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کے رشتہ دار ٹورانٹو میں موجود ہیں۔

★

اشتہار نمبر (۴۰): کینیڈین امیگرنٹ پڑھی لکھی، قبول صورت لڑکی کے لیے امریکی شہریت رکھنے والے پروفیشنل کا رشتہ درکار ہے جس کی عمر اندرون ۳۵ سال ہو۔ شادی میں سنجیدگی سے دلچسپی رکھنے والے توجہ فرمائیں۔

مقامی خبریں

تارنتو ویو ہائیٹس سکنڈری اسکول کی اٹھارہ سالہ طالبہ سیما خواجہ نے مضمون نویسی کے ایک مقابلے میں تھرڈ ورلڈ ملکوں کے مسائل اور ان کے حل

سیما خواجہ

کے بارے میں مضمون لکھ کر نیویارک کا چکر لگانے کا انعام حاصل کیا ہے۔
گریڈ ۱۳ کی یہ طالبہ اپنے اسکول

کی SOCCER ٹیم کی ممبر رہ چکی ہیں۔ اس کے علاوہ کینیڈین کینسر سوسائٹی اور افریقہ ریلیف فنڈ کے لیے اسکول میں چندہ اکٹھا کرنے کی تنظیم چلا چکی ہیں۔ سیما خواجہ اپنے اسکول کی ایک ہونہار طالبہ ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے اسکول میں حجاب پہننا شروع کر دیا ہے۔ جو ان کے مذہب اور قرآن کے مطالعے کا نتیجہ ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ اسکول میں اس طرح سر ڈھانک کر جانا شروع میں ان کے لیے ایک چیلنج تھا لیکن ایمان پختہ ہو جائے تو حجاب کا استعمال مشکل نہیں۔ سیما خواجہ اپنے کلچر اور اپنی زبان سے لگاؤ رکھتی ہیں۔ اور گھر میں اپنے والدین کے ساتھ پنجابی بولتی ہیں۔ کہتی ہیں کہ اپنی زبان کو کھو دینا افسوس کی بات ہے۔ آئندہ سال سیما نرسنگ کی تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔

تو اقتدار تک نہیں پہنچا

ملتان کے نامہ نگار کے ارسال کردہ چند شعر

اپنے معیار تک نہیں پہنچا — سایۂ دیوار تک نہیں پہنچا
راستے میں ہی بک گیا ہو گا — مال بازار تک نہیں پہنچا
مجھ پہ کیچڑ اچھالنے والا — میرے کردار تک نہیں پہنچا
کوئی بھی ایک بار سا بے شر — یوں گنہگار تک نہیں پہنچا
میرا پیغام خیال پہ مصری — تو اقتدار تک نہیں پہنچا
گرچہ تقدیر حاصل تھی — کوئی افکار تک نہیں پہنچا
ماجرہ گنہ گار کا ہم پر
کسی اخبار تک نہیں پہنچا

ALPHANUMERIC COMPUTING SYSTEMS
A Word Processing and Accounting Service Bureau

We Create
Professional Looking Documents
On
OUR POWERFUL PERSONAL COMPUTER

1. Resumes/Theses
2. Reports/Letters
3. Mailing Lists
4. Mailing Labels
5. Advertisement Flyers
6. Financial Statements
7. Computer Education
8. Learn Typing on Computer
9. MANUSCRIPTS

Please Call in Confidence:
MR. ABDUL QADIR
Phone #: 298-0067
(evenings/weekends)
We are on Kennedy-401
CONFIDENTIALITY IS GUARANTEED

GIVE THE MOST PRECIOUS GIFT OF LIFE
QUR'ANIC TAPES
[WITH ENGLISH TRANSLATION]
Recitation by Qari Ghulam Rasul
English narration by Dr Yaqub Zaki

EACH SET CONTAINS 32 TAPES OF CLEAR AND CRISP QUALITY BOUND IN BEAUTIFUL GREEN VINYL CASING WITH GOLD LETTERS.

SPECIAL PRICE
US$ 145
[POSTAGE: $10 PER SET]
[REGULAR PRICE US$185]

Order From:
THE OPEN PRESS
300 STEELCASE RD. WEST #8
MARKHAM, ONT. L3R 2W2

MULTICULTURALISM CANADA

Making Canada a good place to work, and a better place to live.

گزشتہ سال سے حکومت کینیڈا ایسے اقدامات لے رہی ہے جو یہاں رہنے والے تمام لوگوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کی مہم کو زندہ اور بڑھاوا دے سکیں۔ ذیل میں چند ایسے اقدامات پیش ہیں:

EQUAL JOB OPPORTUNITIES.

حکومت کینیڈا نے ایسے اقدامات لیے ہیں جن کے تحت یہاں رہنے والے تمام لوگوں کو بلا امتیاز نسل و کلچر وفاقی پبلک سروسز، کراؤن کارپوریشن اور حکومتی کاروبار میں ملازمت حاصل کرنے کا پورا پورا حق ہے۔ اقلیتی جماعتوں کے افراد کا وفاقی ایجنسیوں، کمیشنوں اور بورڈز پر تقرر ہوا ہے۔

JUST AND FAIR TREATMENT.

ملٹی کلچرل ازم کینیڈا اگلے دو برسوں میں ۴.۹ ملین ڈالر مہیا کرے گی تاکہ اسپیشل پارلیمانی کمیٹی رپورٹ "EQUALITY NOW" پر عمل ہو سکے۔ ملٹی کلچرل ازم کینیڈا نے پولیس اور ایتھنک کمیونیٹیز کے مابین بہتر تعلقات قائم کرنے کے لیے ایک قومی پروگرام کی مالی امداد کی ہے۔

BETTER BUSINESS OPPORTUNITIES.

بزنس اور ملٹی کلچرل ازم پر ۱۹۸۷ میں ہونے والی ایک قومی کانفرنس ایتھنو کلچرل بزنس والوں کو کاروباری رابطے اور فنی معلومات فراہم کرے گی۔ چھوٹی بزنس چلانے والوں کے لیے یہ کانفرنس ایسے طریقے معلوم کرے گی جس کے تحت وہ اپنی زبان، کلچر اور کاروباری صلاحیتوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔

ACCESS TO GOVERNMENT.

ملٹی کلچرل ازم پر پارلیمانی اسٹینڈنگ کمیٹی کا قیام اس کا یقین دلاتا ہے کہ وفاقی گورنمنٹ کے علاوہ کینیڈا کی مختلف النسل اور رنگ برنگی ثقافت کو اپنے تمام پروگراموں، پالیسیوں اور کاروبار میں شامل کریں۔

MEDIA ACCESS.

ملٹی کلچرل ازم کینیڈا نے ایک مشاورتی کمیٹی مقرر کی ہے جو نشریات والوں اور ایتھنک کمیونیٹیز کے درمیان معاملات طے کرنے میں مدد دے اور گورنمنٹ کو آگاہ کرے کہ نشریات سے متعلق ان کی دلچسپی کیا ہے۔ اسی طرح معلومات کا ایک قومی پروگرام شروع ہوا ہے تاکہ نسلی اور ثقافتی میل جول ترقی کرے۔ ثقافتی آزادی کا حق دینے والے پہلے سے قائم شدہ پروگراموں کے ساتھ ساتھ اب ہم مساوی معاشی مواقعوں کے پروگرام کی طرف آگے بڑھ رہے ہیں۔ اس طرح کینیڈا رہائش اور کاروبار کے لیے بہترین جگہ بن سکے گا۔

مزید معلومات کے لیے سکریٹری آف اسٹیٹ کے ملٹی کلچرل ازم کینیڈا کے قریبی دفتر سے رابطہ قائم کیجئے۔ یا پھر ملٹی کلچرل ازم کینیڈا، اٹاوا K1A 0M5 پر خط لکھئے۔

Minister of State
Multiculturalism
Hon. Otto Jelinek

Le ministre d'État au
Multiculturalisme
L'honorable Otto Jelinek

CANADA

میرے دونوں بھائی زہر رکھتے تھے، بینظیر بھٹو

شاہنواز نے لیکن خودکشی نہیں کی ایسا ہوتا تو ہم پولیس کو کچھ نہ بتاتے، ریحانہ کے بارے تبصرے سے انکار

شاہنواز بھٹو کی بیوہ ریحانہ عدالت میں بیان دے کر واپس آ رہی ہیں

پُراسرار موت کو حل کرنے کیلئے فرانسیسی حکام بھرپور کوشش کر رہے ہیں

بے نظیر نے اپنے بھائی مرتضیٰ کے بارے میں بھی کچھ بتانے سے انکار کر دیا

اردو فلم "دوریاں" اور پنجابی فلم "عشق نچاوے گلی گلی" بہترین فلمیں

گریجویٹ ایوارڈز تقریب میں بہترین اداکار کے لئے فیصل، ادا کارہ کیلئے شبنم کو ایوارڈ ملا

جہاز دیوان ... بہوش ہیں

پولیس نے رپورٹ غیر مؤثر قرار دے دی

بھارت میں مسلمانوں کے لئے اپنی ثقافت کو برقرار رکھنا ایک مشکل کام ہے۔ ڈاکٹر اشتیاق حسین

میانداد نے عزت کی خاطر آخری میچ نہیں کھیلا۔ ظہیر عباس

جنرل چشتی نے میرے بارے میں جو کچھ کہا قطعی جھوٹ ہے۔ پیرزادہ

حفیظ پیرزادہ سے طویل بات چیت کے بعد بھٹو نے از سر نو انتخابات کرانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ میں نے کابینہ کے اجلاس میں نئے انتخابات کی مخالفت نہیں کی اور نہ مشتعل ہوا۔ حالات قابو سے باہر نہیں تھے، فوج نے اقتدار پر پہلے سے نظریں لگائی ہوئی تھیں۔ چشتی، جتوئی اور کھر کا گٹھ جوڑ آج بھی قائم ہے۔ فرنٹ کے رہنما کا جواب

... اور سیریز کا ایوارڈ ظہیر عباس نے ... حاصل کیا

STANDING COMMITTEE ON PROCEDURAL AFFAIRS AND AGENCIES, BOARDS AND COMMISSIONS

LEGISLATIVE SCRUTINY OF APPOINTMENTS

Ontario

اسٹینڈنگ کمیٹی کی سماعت جو PROCEDURAL AFFAIRS اور ایجنسیوں، بورڈز اور کمیشنوں سے متعلق ہے، دسمبر ۱۹۸۵ء میں ہوگی۔ جس کے تحت حکومت انٹیریئر کی ایجنسیوں، بورڈز اور کمیشنوں کے تقرر کے طریقوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ جو لیفٹیننٹ گورنر کی جانب سے ہوتے ہیں اور جس کا بڑا حصہ وزارت پر ہے۔
کمیٹی دعوت دیتی ہے تمام افراد، جماعتوں اور اداروں کو کہ وہ مندرجہ بالا موضوع پر اپنے خیالات تحریری شکل میں داخل کریں۔ کمیٹی کے کلرک کو یہ عرضداشتیں ۱۱ دسمبر ۱۹۸۵ء تک مل جانی چاہئیں۔

MICHAEL J. BREAUGH, M.P.P.
Chairman

A. SMIRLE FORSYTH
Clerk of the Committee

Room 104, Legislative Building
Queen's Park
Toronto, Ontario M7A 1A2
416/963-1462

ALPHANUMERIC CO...
A Word Processing and ...

We Create ...
Professional Lookin...
On
OUR POWERFUL PERSON...

1. Resumes/Theses
2. Reports/Letters
3. Mailing Lists
4. Mailing Labels
5. Advertisement Flyers
6. Financial Statements
7. Computer Education
8. Learn Typing on Comp...
9. MANUSCRIPTS

Please Call in Confidenc...
MR. ABDUL QADIR
Phone #: 299-0467
(evenings/weekends)
We are on Kennedy-401
CONFIDENTIALITY IS GUAR...

Fortnightly
al-hilal
50¢ Vol.14 No.17 November 25, 1985
Telephone: (416) 493-4374 474-9292
338 Hollyberry Trail, Ont. Canada M2H 2P6

بیرون ملک سے بھیجی جانے والی رقومات تین روز کے اندر پاکستان میں ادا کردی جائیں گی

جو بینک تین روز کے اندر ادائیگی نہیں کریگا اسے دس فیصد روزانہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنا پڑیگا، فارن ایکسچینج سرٹیفکیٹ کے ذریعے بھی رقومات کی ترسیل کی اجازت ہوگی،

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ ڈیوٹی فری لانے کی اجازت ہوگی

وزیر خزانہ محبوب الحق نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے اہم مراعات کا اعلان کردیا،

وزیر اعظم کی بالادستی چاہتے ہیں

تمام سیاچین گلیشئر پر بھارتی فوجی آچکے ہیں، سردار قیوم

بھارت دسمبر یا جنوری میں پاکستان پر کشمیر کی طرف سے حملہ کرسکتا ہے

اگلی جنگ میں پنجاب کا محاذ نہ کھولا جائے۔ افغانستان کے راستے پاکستان پر حملہ نہیں ہوگا

سردار قیوم

موجودہ حکومت بھی سابقہ حکومت کے نقش قدم پر چل رہی ہے، پرنس غفور

ایف ایس ایف کے قیام کے وقت بھی کہا گیا تھا کہ اس کے سیاسی مقاصد نہیں، صوبائی حکومتیں اپنی پولیس فورس میں اضافہ کرسکتی ہیں

ریزرو پولیس کے قیام کا مقصد ملک کو پولیس اسٹیٹ بنانا ہے، خواجہ خیرالدین

حکومت کا فیصلہ دستور کی روح کے منافی ہے، راجہ حق نواز

پاکستانی ایئر ہوسٹس کو بہادری کا مظاہرہ کرنے پر تمغہ کا اعزاز

مالٹا میں ہائی جیک طیارے کے اغواء کے دوران جرأت کا مظاہرہ کیا تھا

بھارت نے پاکستانی سرحد کے قریب دریائے راوی پر بہت بڑے ڈیم کی تعمیر شروع کردی

پاکستان میں نجی شعبے میں پہلے بڑے میڈیکل کمپلیکس کا افتتاح

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال اور یونیورسٹی فیکلٹی آف ہیلتھ سائنسز کی تعمیر پر ۳۰۰ ملین ڈالر خرچ ہوئے

پرنس کریم آغا خان

مارشل لاء اٹھنے کے بعد سرکاری گروپ

کے بیشتر ارکان وزیر اعظم جونیجو

کی جماعت میں شامل ہوجائینگے

قائداعظم یونیورسٹی میں طلبہ کے دو گروہوں میں خونریز تصادم

لاٹھیوں، ہاکیوں اور آتشیں اسلحوں کا آزادانہ استعمال، سات زخمی طلباء کو پولی کلینک داخل کردیا گیا،

اسلام آباد پہنچنے پر ترکی کے صدر کنعان ایورن کا شاندار استقبال

دونوں ممالک میں تعلقات بڑھانے اور عالمی مسائل کے بارے میں مذاکرات ہوں گے،

ترکی کی یونیورسٹی میں نو پردہ طالبات

کے داخلے پر پابندی لگادی گئی

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو (کینیڈا)

سالانہ زر خریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے کریسنٹ) ۳۰ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ڈالر

Name ....
Address ....
....
Postel Code .... Telephone ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Wilowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374
اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی)
بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگادیجئے

Managing Editor: M Lateef Owaisi